© rasailojaraid.com



کی طرف سے ذبیحہ ہونے کی تصدیقی مہریں لگوا کر برآمد کیا جاتا ہے، وہ ذبیحہ نہیں ہوتا بلکہ جھٹکے کے عمل سے جانوروں کو کاٹ کر ان پر ذبیحہ کی مہریں لگوائی جاتی ہیں۔ مہردار حضرات کا پوری کارروائی سے کوئی مطلب اس کے سوا نہیں ہوتا کہ وہ اپنی فیس (غالباً ڈالر فی ذبح) وصول کر لیتے ہیں۔ یہ غیر حلال "ذبیحہ" سعودی عرب اور مشرق وسطیٰ کے دوسرے مسلم ممالک میں جاتا ہے۔ اور مسلمانوں کے دستر خوانوں کی زینت بنتا ہے (ص ۵۱۶ - ۵۱۷)

اس انکشافِ حقیقت کی جزا اللہ تعالیٰ حکیم صاحب کو دے۔ کاش کہ مسلمان حکومتیں خود اپنے آدمی بھیج کر تحقیق و تفتیش کرائیں اور حرام گوشت سے اپنی آبادیوں کو بچائیں۔

حکیم محمد سعید صاحب کی اس کتاب میں بہت سی مفید معلومات ہیں۔ بہت سے اخلاق و آداب کی طرف توجہ دلائی گئی ہے، بہت سے طبی نکات بیان ہوئے ہیں اور جا بجا دینی تعلیمات بھی خوبصورت انداز میں مذکور ہیں، حتیٰ کہ صلوٰۃ تسبیح تک کی تفصیل درج ہے۔

ہماری خواہش ہے کہ زیادہ سے زیادہ لوگ اسے پڑھیں اور استفادہ کریں۔

---

**MUSLIM CROSS WORD PUZZLES**

مؤلف: ارشد گیمیٹ (ARSHAD GAMIET)

ناشر: اسلامک فاؤنڈیشن، ۲۲۳ لندن روڈ لاسٹر۔ یو کے۔ اعلیٰ کاغذ اور خوبصورت انگریزی ٹائپ۔

قیمت نامعلوم۔

"اسلامک فاؤنڈیشن" یورپ میں مسلمان بچوں کو انگریزی سیکھنے کے لیے ایسی کتابیں فراہم کر رہی ہے کہ ظاہراً وہاں کے ذوق اور مروجات کے مطابق بھی ہوں، اور بلحاظ روح اسلامی بھی۔ کراس ورڈ معموں کی یہ انگریزی کتاب اپنی جگہ ایک اچھی مثال ہے۔ یہاں کے اہلِ ذوق بھی اپنے بچوں اور اسکولوں کے لیے طلب کریں۔

---

© rasailojaraid.com